21/03/2026
09.25 AM (5 min)

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔
خبروں کا بلٹن لیکر میں ۔۔عمر مختار

عید
بر صغیر کے ساتھ ساتھ جمونکشمیر میں بھی آج عید الفطر کا تہوار مذہبی جوش و خروش اور تذک و احتشام کے ساتھ منایا جا رہا ہے ۔ عید کے پیش نظرکل وادی کے بازاروں میں زبردست گہما گہمی رہی اور لوگ دن بھر اشیائے ضروریہ کی خرید و فروخت میں مصروف رہے ۔ آج پورے جموں کشمیر میں نماز عید کے بڑے بڑے اجتماعات منعقد ہو رہے ہیں اور ان کے احسن انعقاد کے لئے انتظامیہ نے تمام تر انتظامات مکمل کئے ہیں ۔
نماز عید کا سب سے بڑا اجتماع آثار شریف درگاہ حضرتبل میں منعقد ہو گا جہاں نماز عید صبح ساڑھے دس بجے ادا کی جائے گی ، جبکہ کئی مساجد اور خانقاہوں میں نماز عید ادا کی گئی۔
جہاں پورے عالم انسانیت کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں امن و استحکام کیلئے دعائیں کی گئیں۔

عید مبارک
لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے عید الفطر کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں ایل جی نے کہا کہ مقدس ماہ رمضان کے اختتام پر منائے جانے والا یہ تہوار روحانی اور سماجی اعتبار سے کا فی اہم ہے ۔ انہوننے کہا کہ آج کے دن ہمیں خدمت خلق کے جذبے کو اپنے اندر پیوست کرنے کا عہد کرنا چاہئے۔ انہوں نے دعا کی کہ عید کا یہ مقدس تہوار ہم سب کے لئے امن و امان ، ترقی اور خوشحالی کی نوید لے کر آئے ۔
وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی عید الفطر کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ مسرت کے اس موقعے پر غریبوں اور ناداروں کی ضروریات کا بھی خاص خیال رکھیں۔
نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری ، کابینی وزیر سکینہ ایتو، جاوید ڈار ، ستیش شرما ، جاوید راناٗاورجموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے بھی لوگوں کو عید الفطر کی مبارک باد دی ہے ۔
دریں اثنا وائس چانسلر سینٹرل یونیورسٹی آ ف کشمیر پروفیسر اے رویندر ناتھ ، چیف پوسٹ مورتھی اور آئی جی پی کشمیر وی کے بردی نے عید DSVR ماسٹر جنرل جموں کشمیر سرکل الفطر کے موقعے پر کشمیری عوام کو مبارکباد پیش کی ہے ۔
کشمیر نے پولیس اہلکارو ں ، شہید پولیس اہلکاروں IGPڈائریکٹر جنرل آف پولیس نلین پربھات ، کے اہل خانہ کو بھی مبارکباد دی ساتھ ہی نو روز کے پر مسرت موقعے پر انہوں نے لوگوں کو نیک خواہشات پیش کیں۔

ڈاکٹر زبیر

طبی ماہرین نے بزرگوں کو ماہِ رمضان کے بعد خصوصاً عید کے روز کھانے پینے میں احتیاط برتنے کی صلاح دی ہے ۔ اس بارے میں معروف معالج اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر ڈاکٹر اور معزز شہریوں کے لئے کام کرنے والی سرکار کے ساتھ رجسٹر شدہ غیر سرکاری تنظیم مول موج فاونڈیشن کے بانی چیر مین ڈاکٹر زبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

....

نو روز

دریں اثناءنوروز عالم بھی آج مذہبی جوش و خروش اور عقیدت و احترام کے ساتھ منایاجا رہا ہے۔ یہ دن پارسی نئے سال کی ابتداءاور صدیو ں سے چلی آرہی زرعی سرگرمیوں کے آغاز اور اس سے وابستہ رسوم اور عقائد کی پیروی کے طور پر بھی منایاجاتا ہے ۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور دیگرکابینی وزراءنے بھی اس موقعے پر عوام کو مبارکباد پیش کی ہے ۔

کشمیر وی کے بردی اور وقف بورڈ کی چیر پرسن IGPڈائریکٹر جنرل آف پولیس نلین پربھات، ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے بھی اس موقعے پر لوگوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔

جاوید رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید رانا نے پانی کے تحفظ اور وسائل کے دیرپا اِنتظام کے لئے اِجتماعی اقدامات کی فوری ضرورت پر زور دیا ہے۔اُنہوں نے روایتی آبی نظام کی بحالی کی اہمیت کو اُجاگر کرتے ہوئے ہینڈ پمپوں، بور ویلوں اور دیگر مقامی آبی ذرائع کی بحالی پر توجہ مرکوز کرنے پر بھی زور دیا۔ وزیر موصوف نے جموں میں کافی ٹیبل بک ”بیسٹ آف مائی سٹی“ کی رسم رونمائی تقریب میں شرکت کے دوران ان خیالات کا اظہار کیا۔

رومشو

اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اونتی پورہ کی انتظامیہ نے سماجی و اقتصادی طور پسماندہ کنبوں سے تعلق رکھنے والے ادارے میں زیر تعلیم طالب علموں کو مالی مدد فراہم کرنے کے لئے ایجوکیشن فنڈ قائم کیا ہے ۔

یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر شکیل احمد رومشو ، جو کہ ان دنوں فرانس کے شہر پیرس میں ہیں ، نے وہاں سے اس فنڈ کے بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

LPG

مکمل طور سے کام کر رہی ہیں اور ان Refineries مرکزی سرکار نے کہا ہے کہ ملک میں تمام میں خام تیل کا وافر سٹاک موجودہے۔ پیٹرولیم اور نیچرل گیس وزارت میں جوائنٹ سیکریٹری سجاتا شرما نے نئی دلی میں مغربی ایشیاءکی صورتحال کے چلتے ایک بین وزارتی بریفنگ کے پیدا وار معمول کے مطابق ہو رہی ہے اور اس کا وافر سٹاک بھی LPG دوران کہا کہ گھریلو

تقسیم LPGموجود ہے۔ انہوننے کہا کہ پچھلے ایک ہفتے کے دوران صارفین میں11ہزار3سو ٹن کی گئی۔ علاوہ ازیں رسوئی گیس کی ذخیرہ اندوزی اور بلیک مارکیٹنگ پر قابو پانے کےلئے کارروائی جا ری ہے۔

درجہ حرارت
سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت6 اعشاریہ3 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت12اعشاریہ1ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔
خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر
اردو میں نشر ہو گا ۔
خدا حافظ